پشاور میں امن لشکر کے سربراہ کالا خان کی اہلیہ کی نماز جنازہ کے اجتماع میں بم دھماکہ انتہائی بزدلانہ اور وحشیانہ عمل ہے، الطاف حسین

دھماکے میں امن لشکر کے اراکین، نمازیوں کی شہادت اور متعدد نمازیوں کے زخمی ہونے پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔9، مارچ 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے علاقے ادیزئی میں امن لشکر کے سربراہ کالا خان کی اہلیہ کی نماز جنازہ کے اجتماع میں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکے میں امن لشکر کے اراکین، نمازیوں کی شہادت اور متعدد نمازیوں کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ نماز جنازہ کے دوران بم دھماکا کرنا دہشت گردوں کی جانب سے انتہائی بزدلانہ اور وحشیانہ عمل ہے جس کا کوئی مسلمان تصور تک نہیں کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مساجد، مزارات، امام بارگاہوں کے بعد اب نماز جنازہ کے اجتماع میں بم دھماکہ سے ایک مرتبہ پھر ثابت ہوگیا ہے کہ دہشت گردوں کا کوئی دین وایمان نہیں ہے اور درندہ صفت دہشت گرد کھلی بربریت اور سفاکانہ عمل پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے بم دھماکے میں امن لشکر کے اراکین اور نمازیوں کی شہادت پر سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور شہداء کے بلند درجات، مغفرت اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ پشاور کے علاقے ادیزئی میں امن لشکر کے سربراہ کالا خان کی اہلیہ کی نماز جنازہ کے اجتماع میں بم دھماکے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، ملک بھر سے دہشت گردوں کے نیٹ ورک کے خاتمے کیلئے تمام قومی وسائل اور ذرائع استعمال میں لائے جائیں اور ملک وقوم کو دہشتگردی کے عفریت سے نجات دلاکر جان ومال کے تحفظ کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

☆☆☆☆☆